U.S. CONSULATE GENERAL KARACHI

Centre for Peace and Development Initiatives

قومی شناختی کارڈ!

افراد باہم معذوری کے سیاسی اور انتخابی حقوق کا ضامن

خصوصی شناختی کارڈ کے فوائد

۱۔ ووٹر لسٹ میں اندراج

۲۔ الیکشن میں بطور ووٹر شمولیت

۳۔ الیکشن میں بطور امیدوار شمولیت

۴۔ ہوائی جہاز اور ریل کے کرایوں میں ۵۰٪ رعائیت

۵۔ کسی بھی قسم کی تجارت کے لئے مائیکرو فنانس کریڈٹ کی سہولت

۶۔ افراد باہم معذوری کے لئے مخصوص گاڑیوں کی ڈیوٹی فری درآمد

۷۔ بے روزگار یا بناء سرپرست کے افراد باہم معذوری کی انشورنس کا احاطہ

۸۔ سماجی تحفظ اور روزگار کے مواقع میں افراد باہم معذوری کے کوٹہ سے استفادہ

۹۔ افراد باہم معذوری کی گلیوں میں وہیل چیئر کی آسان رسائی کے لئے اقدامات

۱۰۔ مستقبل کی تمام عمارتوں میں افراد باہم معذوری کے زیرِ استعمال گاڑیوں کے لئے مخصوص جگہ

۱۱۔ تمام سرکاری ہسپتالوں میں افراد باہم معذوری، انکے والدین اور اولاد کے لئے مفت طبی علاج

cpdi-pakistan.org /cpdi.pakistan /cpdi_pakistan /cpdi_pak

This brochure is made possible by the generous support of the American people through the United States Department of State. The contents are the responsibility of Centre for Peace and Development Initiatives, (CPDI) and do not necessarily reflect the views of the Department of State or the United States Government.

شناختی کارڈ کی اہمیت:

قومی شناختی کارڈ کسی بھی شخص کی شناخت اور شہریت کا ثبوت ہوتا ہے۔ افراد کے سیاسی، سماجی، انتخابی اور معاشی معاملات کے لئے شناختی کارڈ لازمی درکار ہوتا ہے۔ دنیا کے دیگر بہت سے ممالک کی طرح پاکستان میں بھی افرادِ باہم معذوری کو خصوصی شناختی کارڈ حاصل کرنے کی سہولت مہیا ہے۔

خصوصی شناختی کارڈ کی بدولت افرادِ باہم معذوری نہ صرف سیاسی اور انتخابی عمل میں شرکت کے اہل ہوتے ہیں، بلکہ وہ مختص مراعات اور کوٹہ سے بھی مستفیض ہوسکتے ہیں۔

خصوصی شناختی کارڈ کے حصول کا طریقہ کار:

خصوصی شناختی کارڈ کے حصول کے لئے سماجی بہبود کے محکمہ سے معذوری سرٹیفیکیٹ حاصل کرنا ضروری ہے۔ معذوری سرٹیفیکیٹ کے اجراء کے بعد نادرا خصوصی شناختی کارڈ جاری کرتا ہے۔

معذوری سرٹیفیکیٹ کے حصول کا طریقہ کار:

۱۔اپنے ضلع میں محکمہ سماجی بہبود (سوشل ویلفیر) کے دفتر جائیں۔

۲۔ڈیوٹی افسر سے فارم حاصل کرکے پُر کریں اور دفتر میں جمع کروائیں۔

۳۔درخواست فارم جمع کروانے کے بعد ڈیوٹی افسر سے طبی معائنے کے لئے وقت لیں۔

۴۔طبی معائنے کے بعد ایک ماہ کے اندر آپ کو معذوری سرٹیفیکیٹ جاری ہوجائے گا۔

معذوری سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے درکار دستاویزات:

۱۔شناختی کارڈ یا ب فارم کی کاپی (دو عدد)

۲۔ایمپلائمنٹ ایکسچینج کارڈ (صرف سندھ کے لئے

۳۔پاسپورٹ سائز تصویر

۴۔تعلیمی دستاویزات کی کاپی (اگر ہوں تو

معذوری سرٹیفیکیٹ کے حصول کے بعد نادرا سے شناختی کارڈ کے اجراء کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ اپنائیں۔

۱۔شناختی کارڈ کے حصول کے لئے اپنے قریبی نادرا دفتر جائیں۔

۲۔اپنا معذوری سرٹیفیکیٹ اور مندرجہ ذیل میں سے ایک دستاویز نادرا کے نمائندے کو جمع کروائیں۔

ا۔ب فارم کی ایک کاپی

ب۔پرانے شناختی کارڈ کی ایک کاپی

ج۔میٹرک کے سرٹیفیکیٹ کی ایک کاپی

د۔خاندان کے کسی فرد کے شناختی کارڈ کی ایک کاپی

ر۔وزارتِ داخلہ کی جانب سے جاری کئے گئے سٹیزن شپ کی ایک کاپی۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

نادرا افرادِ باہم معذوری کی درخواست پر موبائل رجسٹریشن وین گھر تک بھیجنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔اس کا طریقہ نہایت آسان ہے۔

۱. فردِ باہم معذوری کے خاندان کا کوئی رکن متعلقہ نادرا سینٹر جا کر موبائل رجسٹریشن وین (MRV) فارم حاصل کرے۔

۲۔MRV فارم میں مقصد، پتہ اور رابطہ کی تفصیل درج کرکے نادرا سینٹر میں جمع کروادیں۔

۳۔دفتری کاروائی کے بعد نادرا اہلکار MRV کے شیڈول میں آپ کی درخواست کا اندراج کردے گا۔

۴۔MRV کا عملہ طے شدہ وقت سے قبل رابطہ کرکے آئے گا اور شناختی کارڈ کیلئے کوائف حاصل کرکے رجسٹریشن کا آغاز کرے گا۔

۵۔نادرا کوائف کی تصدیق کے بعد مقررہ مدت میں شناختی کارڈ جاری کردے گا۔